© rasailojaraid.com

کی رنگت سے نظر کو طراوت حاصل ہوتی ہے۔ اور جن کی خوشبو سے مشامِ جان معطر ہوتا ہے۔

کتاب کے عنوانات اور اندازِ نگارش کو دیکھ کر ہمیں یہ تسلیم کرنے میں تامل ہے کہ یہ کتاب بچوں کے لیے لکھی گئی ہے۔ چھوٹی عمر کے بچے تو اس کا بیشتر حصہ سمجھ ہی نہ پائیں گے۔ البتہ بڑی عمر کے بچے اور دوسرے لوگ اس سے خاطر خواہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے موضوع پر بلاشبہ یہ ایک بلند پایہ اور نہایت عمدہ کتاب ہے۔

فاضل مؤلف اس کی تالیف کے لیے اور مکتبہ خاور اس کی دیدہ زیب کتابت و طباعت کے لیے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ دورِ حاضر کا تقاضا ہے کہ ہر مسلمان گھرانے میں اس کتاب کی ایک جلد ضرور موجود ہو۔

کتاب میں بعض آیات اعراب کے بغیر کتابت ہوئی ہیں۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں اس کمی کو دور کر دیا جائے گا۔

(۶)

مجلہ : "صوت الاسلام" سالنامہ

مرتبہ : رابطۃ الطلاب المالدیفیین
جامعہ سلفیہ، فیصل آباد

ضخامت ۱۲۸ صفحات بڑا سائز قیمت درج نہیں ہے۔

پاکستان کی عظیم الشان دینی درسگاہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اس درسگاہ کو عالمگیر شہرت حاصل ہے اور اس چشمۂ فیض سے نہ صرف پاکستان بلکہ دوسرے ممالک کے طلبہ بھی سالہا سال سے سیراب ہو رہے ہیں۔ جزائر مالدیپ کے بہت سے طلبہ بھی اس جامعہ میں زیرِ تعلیم ہیں۔ ان طلبہ نے اپنی ایک انجمن بنا رکھی ہے جس کا نام "رابطۃ الطلاب المالدیفیین پاکستان" ہے۔ یہ انجمن باقاعدگی سے ایک رسالہ "صوت الاسلام" شائع کر رہی ہے جو دینی مضامین پر مشتمل ہوتا ہے۔ زیرِ نظر پرچہ اس مجلہ کا چوتھا سالنامہ ہے۔ جس کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۹۳ صفحات مالدیپی زبان میں لکھے ہوئے مضامین پر مشتمل ہیں، ۱۱ صفحات اردو اور ۲۴ صفحات انگریزی زبان کے مضامین کے لیے وقف کیے گئے ہیں۔ تمام مضامین بڑی محنت اور جذبۂ صادق کے ساتھ لکھے گئے ہیں۔ اور مرتبین نے سالنامہ کی ترتیب و تدوین میں بڑے سلیقہ سے کام لیا ہے۔ ہم مالدیپ کے فرزندانِ اسلام کو تہِ دل سے مبارکباد دیتے ہیں کہ وہ اپنے وطن سے اتنی دور آکر دینی تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور پھر اپنے وقت کا کچھ حصہ ایسے مفید علمی کاموں کے لیے بھی نکال لیتے ہیں۔

(طالب ہاشمی)


© rasailojaraid.com